تبصرے

تذکرۂ سلیمان - مرتبہ جناب غلام محمد صاحب بی اے (عثمانیہ) تقطیع متوسط ضخامت ۴۶ ۴ صفحات۔ کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت مجلد سات روپیہ آٹھ آنے - پتہ: ادارۂ مجلس علمی پوسٹ بکس نمبر ۴۸۸۳۔ کراچی -

مولانا سید سلیمان ندوی رحمۃ اللہ علیہ کی شخصیت بڑی جامع کمالات واوصاف تھی ۔ علم و فضل۔ تحقیق وتدقیق تصنیف وتالیف۔ شعروادب۔ تقریر وخطابت ان میں سے کونسا میدان ہو جو مولانا نے سرنہیں کیا۔ اور اپنی انفرادیت کا نقش قائم نہیں کیا۔ لیکن ہر منزل میں طبع جویا خوب سے خوبتر کی جستجو میں سرگرداں رہی اور آخر جب اسے خوبترین مل گیا تو اس کے دامن سے وابستہ ہو کر وہ اس کے لئے وقف ہو گئی۔ یعنی جس کا آغاز ایک بلند پایہ محقق اور ادیب کی حیثیت سے ہوا تھا اس کا خاتمہ سالک راہِ حقیقت اور عارف باللہ کی حیثیت سے ہوا۔ لائق مرتب جو مولانا کے سعادت مند تلمیذ روحانی ہیں انھوں نے اپنے مرشدِ گرامی مرتبت کی اسی آخری حیثیت کو واضح اور نمایاں کرنے کے لئے یہ ضخیم کتاب لکھی ہے۔ کتاب دو حصّوں پر تقسیم ہے ۔ پہلے حصّہ میں جو صفحہ ۲۷۰ پر ختم ہوتا ہے مولانا کے ذاتی حالات وسوانح۔ علمی وادبی کارناموں اور اخلاق وشمائل کا تذکرہ ہے۔ اس کے بعد دوسرا حصّہ شروع ہوتا ہے۔ جو حضرت مرحوم کے روحانی کمالات واوصاف۔ ملفوظات۔ مکتوبات جو زیادہ تر سوال وجواب کی شکل میں ہیں اور اس سلسلہ کے متعدد حالات وواقعات پر مشتمل ہے اور در اصل یہی حصہ کتاب کا بیت الغزل ہے۔ کتاب میں کہیں کہیں جادۂ اعتدال وتوازن سے انحراف ضرور پیدا ہو گیا ہے جو ایک مرید باصفا سے چنداں غیر متوقع نہیں لیکن اس میں شک نہیں کہ کتاب بحیثیت مجموعی عجیب وغریب عارفانہ وحکیمانہ ارشادات وملفوظات پر مشتمل ہے جس کے مطالعہ سے ایک طرف سلوک ومعرفت میں سید صاحب کی مخصوص فکر ونظر کا اندازہ ہوتا ہے اور